SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

SECP

PRESS RELEASE

For immediate release

December 4, 2018

ایس ای سی پی نے ریئل اسٹیٹ انوسٹمنٹ ٹرسٹ کے ضوابط میں ترامیم کردیں

اسلام آباد(4 دسمبر)سیکورٹیز اینڈ ایکس چینج کمیشن آف پاکستان نے رئل اسٹیٹ انویسٹمنٹ ٹرسٹ (ریٹ) کے ریگولیٹری فریم ورک کو مزید فعال بنانے اور اس شعبے میں سرمایہ کاری کو فروغ دینے کے پیش نظر، ریئل اسٹیٹ انویسٹمنٹ ٹرسٹ ریگولیشنز 2015 میں اہم ترامیم متعارف کروادی ہیں۔ ان ضوابط میں ترامیم کا مقصد ملک میں ایک باقاعدہ ریئل سٹیٹ سیکٹر کا قیام اور اس شعبے میں ڈاکومنٹیشن کو فروغ، یونٹ ہولڈرز کے سرمائے کو تحفظ دینا، انڈسٹری میں جدت پیدا کرنا اور انضباطی شرائط کو آسان بنانا ہے۔ کمیشن کی منظوری کے بعد، ریگولیشنز کے ترمیم شدہ مسودہ کو اسٹیک ہولڈروں اور عوام کی مشاورت کے لئے فراہم کردیا گیا ہے۔ ترامیم کے مسودہ پر موصول ہونے والی تجاویز و آراء کی روشنی میں ان ضوابط کو حتمی شکل دے دی جائے گی۔ ریئل اسٹیٹ انویسٹمنٹ ٹرسٹ کے فریم ورک میں بہتری لانے کے لئے ایس ای سی پی نے رِیٹ مینجمنٹ کمپنیوں، میوچل فنڈز ایسوسی ایشن اور دیگر سٹیک ہولڈروں سے تفصیلی مشاورت کی۔

ضوابط میں کی گئی اہم ترامیم میں ریٹ منصوبے میں سرمایہ کاری کرنے کی اہلیت میں تبدیلی، لازمی لسٹنگ کی مدت میں مزید مہلت، رئل اسٹمنٹ منصوبے کے ٹرانسفر کے وقت دو مختلف ویلوئرز سے تخمینہ لگانا، رائٹ شئیرز کے اجراء اور قرض کے حصول کے لئے رئل اسٹمنٹ مینجنٹ کمپنی کی حد میں اضافہ وغیرہ شامل ہیں۔ تجویز کردہ ریگولیشنز کا مسودہ ایس ای سی پی کی ویب سائٹ پر فراہم کردیا گیا ہے۔ ترامیم کے مسودہ پر موصول ہونے والی تجاویز و آراء کی روشنی میں ان ضوابط کو حتمی شکل دے دی جائے گی۔